© rasailojaraid.com

اکرام اللہ ساجد

# تبصرۂ کتب

(۱)

**سورۃ البقرہ** (سلسلۂ اشاعت: آسان اردو ترجمہ قرآن مجید) مؤلف: حافظ نذر احمد

ناشران: ۱- مسلم اکادمی، محمد نگر لاہور ۵

۲- پاک مسلم اکادمی، الفضل مارکیٹ، ۷ اردو بازار لاہور ۲

بڑا کتابی سائز ۱۷×۲۷/۸ صفحات ۲۸۰ سفید کاغذ، بہترین کتابت وطباعت

ترجمہ کا انداز یہ ہے:

پہلی سطر میں کلام اللہ کی عبارت ہے، دوسری سطر میں ایک ایک لفظ کا جدا جدا ترجمہ ہے اور تیسری سطر میں سلیس ترجمہ دیا گیا ہے۔ خوبی یہ ہے کہ لفظی اور سلیس ترجمہ میں کوئی فرق نہیں۔

ہر صفحہ میں صرف چار سطریں ہیں تاکہ ایک دن میں ایک صفحہ آسانی سے تیار کیا جا سکے ہر صفحہ کے آخر میں اس صفحہ کے افعال کی مشق ہے۔ افعال بھی ہر صفحہ میں اوسطاً صرف چار ہیں

ترجمہ پر نظر ثانی کرنے والوں میں دیوبندی، بریلوی اور اہل حدیث تینوں مکتبۂ فکر کے چند علماء شامل ہیں ____ ہمارے علم کے مطابق اتحادِ فکر کا یہ ایک مثالی نمونہ ہے۔ اگر اسی طرح پورے کلام اللہ کا ترجمہ ہو جاتے تو ملک کے لیے یک جہتی کا بہت بڑا کارنامہ ہوگا۔

ابتداء میں عربی زبان کے قواعد بیس اسباق میں دیے گئے ہیں۔ مؤلف کا کہنا ہے کہ زبان دانی اور قرآن فہمی کے لیے یہ انتہائی مفید اور کافی ثابت ہوں گے۔



© rasailojaraid.com